بسم اللہ الرحمن الرحیم

**Islamic Research Institute**

FAISAL MASJID
P.O. BOX. 1035.
ISLAMABAD, PAKISTAN

CABLE : ISLAMSERCH
PHONE : 850751-5

Ref. No. ____________

Date: ۲۰ فروری ۹۶

مخدومی المحترم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ

کل کی ڈاک سے ایک خط مدرسۃ الاصلاح کے عربی کتب خانے کے لیے تدبر قرآن کی چند جلدوں کی فرمائش کے بارے میں لکھ چکا ہوں۔ آج باعث تحریر یہ ہے کہ مولانا فراہی جب مدرسہ پر مستقل رہنے لگے اور ہفتہ میں تین دن شب و روز ان کا قیام ہوتا تو اس دوران ان کے کھانے اور ناشتے کا کیا نظم تھا۔ ان کا کھانا پھریہا سے آتا تھا۔ مدرسہ کے دسترخوان سے خوراکی ادا کرکے کھانا کھاتے تھے یا اپنا کھانا الگ سے خود پکواتے تھے۔ اس سلسلے میں مجھے جو تحریری شہادتیں یا زبانی بیانات ملے ہیں ان میں اختلاف بلکہ تضاد ہے۔ آپ عینی شاہد ہیں اور شریک سفرہ بھی ہو سکتے ہیں۔ اس لیے آپ کو صحیح صورت حال کا ٹھیک ٹھیک پتا ہوگا۔ ازراہ کرم اس مسئلہ کے متعلق حقیقت حال لکھ کر رہنمائی فرمائیں۔

والسلام

شرف الدین اصلاحی

بخدمت گرامی جناب مولانا امین احسن اصلاحی
1/19 طارق روڈ کینٹ لاہور